ملتان سلطانز نے ایچ بی ایل پی ایس ایل 7 کے پلے آف مرحلے میں رسائی حاصل کرلی

لاہور، 10 فروری 2022ء:

وینیو بدلا مگر ملتان سلطانز کی ایچ بی ایل پی ایس ایل 7 میں جیت کی روایت نہ بدلی۔ دفاعی چیمپئن ملتان سلطانز نے ایچ بی ایل پی ایس ایل 7 کے دوسرے مرحلے کے پہلے میچ میں پشاور زلمی کو 42 رنز کے بھاری مارجن سے شکست دے کر ٹورنامنٹ میں مسلسل چھٹی کامیابی حاصل کرلی ہے۔ دفاعی چیمپئن اب تک ٹورنامنٹ میں ناقابل شکست ہے۔

قذافی اسٹیڈیم لاہور میں کھیلے گئے میچ میں پشاور زلمی کی پوری ٹیم 183 رنز کے تعاقب میں 140 رنز پر ڈھیر ہوگئی۔ فاسٹ باؤلر بلیسنگ مزاربانی نے 18 رنز کے عوض تین کھلاڑیوں کو پویلین کی راہ دکھائی۔ خوشدل شاہ نے بھی تین اور شاہنواز دھانی نے دو وکٹیں حاصل کیں۔

مطلوبہ ہدف کے تعاقب میں پشاور زلمی کے پانچ بیٹرز ہی ڈبل فگرز میں داخل ہوسکے۔ آلراؤنڈر شعیب ملک 44 رنز بناکر نمایاں رہے۔ ڈبل فگرز میں داخل ہونے والے دیگر بیٹرز میں لیام لیونگ اسٹون نے 24 ، بین کٹنگ نے 23 اور شیر فین ردر فورڈ نے 21 رنز اسکور کیے۔ ثاقب محمود 11 رنز بناکر ناٹ آؤٹ رہے۔

اس سے قبل پشاور زلمی کے کپتان وہاب ریاض نے ٹاس جیت کر پہلے فیلڈنگ کا فیصلہ کیاتو ان فارم اوپنرز شان مسعود اور محمد رضوان کی 98 رنز کی شراکت کی بدولت ملتان سلطانز نے مقررہ بیس اوورز میں 7 وکٹوں کے نقصان پر 182 رنز بنائے۔

شان مسعود نے 49 گیندوں پر ایک چھکے اور 8 چوکوں کی بدولت 68 رنز کی اننگز کھیلی۔ وکٹ کیپر بیٹر محمد رضوان نے 2 چوکوں کی مدد سے 34 رنز کی اننگز کھیلی۔ محمد رضوان کے پویلین واپس پہنچنے پر ملتان سلطانز کی بیٹنگ کی کمان ٹم ڈیوڈ نے سنبھال لی۔ انہوں نے 3 چھکوں اور 2 چوکوں کی بدولت 18 گیندوں پر 34 رنز بنائے۔

تینوں ٹاپ آرڈرز کی عمدہ کارکردگی کے باوجود ملتان سلطانز کے مڈل آرڈرز زیادہ لمبی اننگز کھیلنے میں ناکام رہے اور رائیلی روسو 15، خوشدل شاہ 11، انور علی ایک اور عباس آفریدی پانچ رنز بنا کر آؤٹ ہوئے۔

سلمان ارشاد، وہاب ریاض اور ثاقب محمود نے دو دو وکٹیں حاصل کیں۔

– ENDS –

Media contact:

Ibrahim Badees Muhammad
Assistant Manager
Media and Communications

www.psl-t20.com
@thePSLt20
@thePSL
PakistanSuperLeague
@thepsl

PCB Headquarters
Gaddafi Stadium,
Ferozepur Road, Lahore
Pakistan, PO Box 54000
T: +92 42 3571 7231-4